بچوں کی دنیا

عید الضحیٰ کی حقیقت

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ماہ اکتوبر میں عیدالاضحیٰ منائی جا رہی ہے۔اس عید کو بڑی عید بھی کہا جاتا ہے اور قربانی کی عید بھی۔

یہ عید ہمارے لئے پیغام لے کر آتی ہے کہ حضرت ابراہیمؑ،حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سنت پر چلتے ہوئے ہمیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔

اس زمانے میں احمدی ہی ہیں جو قربانیوں کے اعلیٰ معیار قائم کر رہے ہیں اس حوالے سے ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا

"یاد رکھیں قربانیاں ہمیشہ رنگ لاتی ہیں۔آج یہ ہماری قربانیاں ہی ہیں جو دنیا میں انقلاب عظیم پیدا کرنے کا باعث بنیں گی۔پس اپنی قربانیوں کی روح کو اپنے اندر سے کبھی مرنے نہ دیں کہ یہی روح پیدا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو بھیجا ہے۔" خطبہ عیدالضحیٰ بیان فرمودہ 28 نومبر 2009

احمدی بچے کی ڈائری

کیسے پتا چلے کہ آج کا دن کل کے دن سے اچھا گزرا؟

آئیے ہم آپ کو بتاتے ہیں۔

آنحضورﷺ نے فرمایا کہ مومن کا ہر آنے والا دن گزرے ہوئے دن سے اچھا ہونا چاہیے

دنیا میں جو بھی کامیاب لوگ گزرے ہیں ان کا یہ طریق رہا کہ وہ رات کو سونے سے پہلے ڈائری لکھا کرتے تھے کہ آج سارا دن ہم نے کیا کام کیا۔اس طریق سے سارے دن کی تفصیل معلوم ہو جاتی ہے کہ مثلاً کتنا وقت دین کیلئے خرچ ہوا، کتنا وقت پڑھائی کی، کتنا وقت کھیل میں حصہ لیا، کتنا وقت آرام کیا اور کتنا وقت ضائع ہوا۔۔وغیرہ وغیرہ

روزانہ ڈائری لکھنے سے روزانہ کا ریکارڈ جمع ہوتا جاتا ہے اور آپ اس کے ذریعہ اپنے کام کو ہر آنے والے دن میں بہتر سے بہتر بنا سکتے ہیں۔

اس ماہ کا پیغام

یہ بات یاد رکھیں کہ روزانہ MTA ضرور دیکھیں اور اس پر آنے والے
حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے LIVE پروگرامز تو کبھی ضائع نہ ہونے دیں

بڑے لوگوں کی بڑی باتیں

۔اپنا اخلاق ہر صورت میں بلند رکھو۔ہمارا مذہب یہی سکھاتا ہے (قائداعظم)

۔لکڑیاں علیحدہ علیحدہ جلاؤ تو دھواں دیتی ہیں،اکھٹی جلاؤ تو روشنی فراہم کرتی ہیں (نپولین)

۔ہمت ہارنا ناکامی کی طرف پہلا قدم ہے (علامہ اقبال)

۔وقت کا بہترین استعمال کرو اور بہتری اور کامیابی کے حالات کو ہاتھ سے پھسلنے نہ دو (شیکسپئر)

کنگ کوبرا

دنیا کا سب سے لمبا زہریلا سانپ ''کنگ کوبرا'' ہے جسے شیش ناگ کہتے ہیں۔عام طور پر اس کی لمبائی 13 فٹ ہوتی ہے اور وہ اپنے جسم کا 4 فٹ حصہ زمین سے سیدھا کھڑا کر سکتا ہے۔یہ گوشت خور ہے،جس کا کاٹا ہوا جاندار چند ہی منٹوں میں مر جاتا ہے کیوں کہ اس کا زہر دوسرے سانپوں کی نسبت بہت زہریلا ہوتا ہے یہ ایک ہی دفعہ کاٹنے میں اپنے ڈنک سے اتنا زہر نکالتا ہے جو بیس آدمیوں یا ایک ہاتھی کو جان سے مار سکتا ہے۔کنگ کوبرا ہندوستان،چین کے جنوبی اور شمالی مشرقی ایشیا کے ہرے بھرے علاقوں میں پایا جاتا ہے۔یہ اپنے شکار کو ثابت نگل جاتا ہے۔مختلف علاقوں میں پائے جانے والے کنگ کوبرا کا رنگ مختلف ہوتا ہے یہ درختوں پر بھی چڑھ سکتا ہے اور پانی پر بھی تیر سکتا ہے۔کنگ کوبرا کی عمر تقریباً 20 سال ہوتی ہے۔یہ دیگر سانپوں کی طرح بہرہ ہوتا ہے۔

بلند ترین

☆سب سے بلند چوٹی ''ماؤنٹ ایورسٹ'' نیپال تبت میں ہے اس کی بلندی 29028 فٹ ہے

☆سب سے بلند عمارت ''سی این ٹاور'' کینیڈا میں ہے اس کی بلندی 1815 فٹ ہے اور اس کی 110 منزلیں ہیں

☆سب سے بلند آبشار ''سالٹو آنجل'' جنوبی امریکہ میں ہے۔اسی بلندی 3212 فٹ ہے

☆سب سے زیادہ بلند درخت امریکہ کی ریاست کیلی فورنیا میں ہیں۔اس کی بلندی 367 فٹ ہے

گدگدیاں

☆گھر کے تمام افراد کھانا کھا رہے تھے کھانے کے دوران بچے نے باپ کو آواز دی ''ابو'' باپ نے بیٹے کو ڈانٹ دیا کہ '' خبردار کھانے کے دوران بولتے نہیں'' جب کھانا کھا کر فارغ ہو گئے تو باپ نے کہا
بیٹا اب بتاؤ کیا بات ہے
بیٹے نے کہا: ابو جان آپ جو کھانا کھا رہے تھے اس میں مکھی تھی

☆ایک دادا جان اپنے پوتے کو صبح صبح اُٹھنے کے فوائد بیان کرتے ہوئے بتا رہے تھے کہ چڑیاں صبح صبح اٹھتی ہیں،انہیں باغ میں بہت سے کیڑے مکوڑے کھانے کو مل جاتے ہیں
پوتا بولا ''لیکن دادا جان، یہ بھی تو سوچیئے کہ اُن کیڑوں کو صبح صبح اٹھنے کی سزا بھی تو مل جاتی ہے''

☆ماں: بیٹا تم کتاب کی جلد کو صابن سے کیوں دھو رہے ہو
بیٹا: اس لئے کہ صابن جلد کی حفاظت کرتا ہے

کیا آپ ایسا بنا سکتے ہیں!!